انٹر پارٹ-I پہلا گروپ	لاہور بورڈ، 2016	تعلیماتِ اسلامی (لازمی)
کل نمبر:10	(معروضی طرز)	وقت:15 منٹ

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بُھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1 منافق کی اقسام ہیں:
(A) تین (B) چار (C) دو (D) پانچ

2- جھوٹے مدعیانِ نبوت کے خلاف جہاد کیا:
(A) خلیفہ اول نے (B) خلیفہ دوئم نے (C) خلیفہ سوئم نے (D) خلیفہ چہارم نے

3- نزولِ قرآن کے آغاز کے وقت نبی کریمؐ کی عمر مبارک کتنی تھی:
(A) تیس سال (B) چالیس سال (C) تریسٹھ سال (D) تیرہ سال

4- ذکر کے لغوی معنی ہیں:
(A) یاد کرنا (B) متبرک (C) تزکیہ نفس (D) ضبطِ نفس

5- صحاح ستہ میں حدیث کی کل کتب شامل ہیں:
(A) چار (B) پانچ (C) چھ (D) سات

6- زکوٰۃ کے لغوی معنی ہیں:
(A) بھائی چارہ (B) مال کو پاک کرنا (C) متبرک (D) مفلس کو دینا

7- قیامت کے دن سب سے پہلے حساب لیا جائے گا:
(A) زکوٰۃ کا (B) روزے کا (C) نماز کا (D) حج کا

8- ابولہب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا تھا:
(A) دوست (B) بیوی کا بھائی (C) چچازاد بھائی (D) چچا

9- انجیل نازل ہوئی:
(A) حضرت موسیٰؑ پر (B) حضرت عیسیٰؑ پر (C) حضرت داؤدؑ پر (D) حضرت سلیمانؑ پر

10- انسان کا سب سے پہلا عقیدہ ہے:
(A) رسالت (B) توحید (C) ملائکہ (D) آخرت

انٹر پارٹ-I پہلا گروپ	لاہور بورڈ، 2016	تعلیماتِ اسلامی (لازمی)
کل نمبر:40	(انشائیہ طرز)	وقت:1 گھنٹہ 45 منٹ

(حصہ اول)

2- کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھئے: 12

(i) ظلم عظیم سے کیا مراد ہے؟

(ii) آپ صلی اللہ علیہ وسلم آخری نبی ہیں۔ آیتِ قرآنی سے وضاحت کیجئے۔

(iii) ترجمہ لکھئے: اِنِ الْحُکْمُ اِلَّا لِلّٰہِ

(iv) توحید کا مفہوم کیا ہے؟

(v) کلمہ شہادت کا ترجمہ لکھئے۔

(vi) روزہ کے دو فوائد لکھئے۔

(vii) فقیر اور مسکین میں کیا فرق ہے؟

(viii) اولاد کے دو فرائض تحریر کیجئے۔

(ix) دہشت گردی کی تعریف کیجئے۔

3- کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھئے: 12

(i) آنحضورؐ کی زندگی سے مساوات کی دو مثالیں لکھئے۔

(ii) صبر و استقلال کا مفہوم لکھئے۔

(iii) تسبیح فاطمہ سے کیا مراد ہے؟

(iv) تدوینِ حدیث کے تین ادوار کے نام لکھئے۔

(v) حدیث کے لغوی اور اصطلاحی معنی لکھئے۔

(vi) صحاح ستہ میں سے کوئی سی دو کتابوں کے نام لکھئے۔

(vii) قرآن مجید کی پہلی وحی کہاں نازل ہوئی؟

(viii) آیت مبارکہ کا ترجمہ لکھئے: لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰی تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ

(ix) حدیث مبارکہ کا ترجمہ لکھئے: اِنَّمَا بُعِثْتُ لِاُتَمِّمَ حُسْنَ الْاَخْلَاقِ

(حصہ دوم)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جوابات لکھئے۔

4- آخرت کا مفہوم لکھئے۔ نیز عقیدۂ آخرت کے انسانی زندگی پر اثرات تحریر کیجئے۔ 8

5- ارکانِ اسلام پر نوٹ تحریر کیجئے۔ 8

6- ذکر کی اقسام اور فضائل تفصیلاً تحریر کیجئے۔ 8